
آم کے باغات کی بہترین اور منافع بخش پیداوار کیلئے کراپ مینجمنٹ پروگرام



LCI

LUCKY CORE INDUSTRIES

YBG

آم کے باغات کی بہترین پیداوار

پھلوں میں غذائیت اور لذت کے لحاظ سے آم کو اہم مقام حاصل ہے۔ اسی وجہ سے آم کو پھلوں کا بادشاہ کہا جاتا ہے۔ موجودہ اعداد و شمار کے مطابق آم کے باغات کا زیر کاشت رقبہ سوا چار لاکھ ایکڑ اور پیداوار 17 لاکھ ٹن ہے۔ پوری دنیا میں آم پیدا کرنے والے ممالک میں پاکستان کا پانچواں نمبر ہے۔ پاکستانی آم اپنے مخصوص ذائقہ کی وجہ سے دنیا بھر میں مقبول ہے۔ پاکستان میں آم کی فی ایکڑ پیداوار دیگر ممالک کی نسبت کم ہے۔ آم کے باغبان لکی کو رانڈسٹریز کی جدید ٹیکنالوجی کے مندرجہ ذیل امور پر عمل پیرا ہو کر فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے ساتھ ساتھ بھرپور منافع بھی کما سکتے ہیں۔

آم کی بہترین پیداوار کے اہم امور



- فی ایکڑ پودوں کی مناسب تعداد
- متوازن خوراک کی اجزاء کی بروقت دستیابی
- بروقت اور مناسب آبپاشی
- شاخ تراشی
- بیماریوں اور ضرر رساں کیڑوں کا تدارک
- بروقت برداشت اور منڈیوں تک رسائی



فرٹی ہیوما

متوازن خوراک کی اجزاء کی فراہمی

آم کی فی ایکڑ کم پیداوار کی بڑی وجوہات میں کھادوں کا غیر مناسب، متوازن اور بروقت استعمال نہ ہونا ہے۔ پاکستان کی زیادہ تر زمینیں اساسی خاصیت کی ہیں یعنی پی ایچ زیادہ ہونے سے خوراک کی مکمل دستیابی پودوں کو نہیں ہو پاتی جس کا منفی اثر پیداوار پر پڑتا ہے۔

لکی کور انڈسٹریز کے ماہرین نے غذائی اجزاء کی مرحلہ وار مینجمنٹ کا مکمل پروگرام تشکیل کیا ہے جس پر عمل پیرا ہو کر باغبان حضرات بھرپور فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔



فرٹی ہیوما



- فرٹی ہیوما کا استعمال زمین کو نرم اور بھربھرا کرتا ہے جس سے پودے کا اُگاؤ بہتر ہوتا ہے
- فرٹی ہیوما زمین کے کیمیائی تعامل (pH) کو معتدل کرنے میں مدد دیتا ہے
- فرٹی ہیوما زمین میں نمی برقرار رکھنے کی صلاحیت کو بڑھاتا ہے جس سے فصل پانی کی کمی کا شکار نہیں ہوتی
- فرٹی ہیوما زمین میں نامیاتی مادے کی کمی کو پورا کرتا ہے جس سے زمین کی زرخیزی میں اضافہ ہوتا ہے
- فرٹی ہیوما پودے کو زمین سے خوراک کی اجزاء حاصل کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے جس سے پودوں کی جڑیں اور تنے مضبوط ہو جاتے ہیں
- فرٹی ہیوما زمینی نقصان دہ پھپھوندی (Harmful Fungus) کو کنٹرول کرنے میں مدد کرتا ہے اور فائدہ مند خوردبینی جانداروں (Beneficial Micro-organisms) کے کام کرنے کی صلاحیت میں اضافہ کرتا ہے

سفارشات برائے استعمال

فصل	مقدار استعمال	وقت استعمال
باغات	100 سے 150 گرام فی پودا	دوسری کھادوں کے ساتھ ملا کر

فرٹی یوریا

یوریا اور بائیوا یکٹوسلفر©کی دیرپا دستیابی

فرٹی یوریا ایک منفرد کھاد ہے جو اپنی جدید کوٹنگ ٹیکنالوجی کی وجہ سے فصلوں کو لمبے عرصے تک نائٹروجن اور سلفر کی فراہمی یقینی بناتا ہے۔ یہ زمینی اصلاح کار کے طور پر کام کرتا ہے اور پودوں کو دیگر خورا کی اجزاء کی دستیابی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

فرٹی یوریا پودوں میں بیماریوں کے خلاف قوتِ مدافعت پیدا کرتا ہے۔

فرٹی یوریا

- پودوں کی ضرورت کے مطابق نائٹروجن اور بائیوا یکٹوسلفر کی دیرپا فراہمی
- زمین کی اصلاح سے زرخیزی میں اضافہ
- پودوں میں بیماریوں کے خلاف بہترین قوتِ مدافعت
- جڑوں کی لمبائی اور باریک بال نُما جڑوں کی تعداد میں واضح فرق
- دیگر غذائی اجزاء کی بھرپور دستیابی
- پودوں کے تنوں کو مضبوط بنا کر فصل کو گرنے سے بچاتا ہے
- فصل یکساں پک کر تیار، برداشت کے نقصانات میں کمی
- زیادہ پیداوار، بہتر کوالٹی سے کاشتکار کے منافع میں خاطر خواہ اضافہ



سفارشات برائے آم

فصل	مقدار استعمال	مرحلہ
باغات	1 کلوگرام فی پودا	پہلی مرتبہ پھُول (بُور) آنے پر چھڑکیں دوسری مرتبہ پھل جب مٹر کے دانے کے برابر ہو جائے چھڑکیں تیسری مرتبہ پھل توڑنے کے بعد چھڑکیں

فرٹی میکرو

پتوں کے ذریعے پودوں کو غذائی اجزاء فراہم کرنا

آم کا پودا سدا بہار رہنے والا درخت ہے۔ اس سے زیادہ اور کوالٹی پیداوار لینے کا راز وافر مقدار میں غذائی اجزاء کی فراہمی میں پنہاں ہے۔
غذائی اجزاء کی کمی پھل کے کیرے، سائز میں کمی اور ناقص پیداواری کوالٹی کے علاوہ کم پیداوار کی شکل میں ظاہر ہوتی ہے۔ اس کیلئے ضروری ہے کہ پودوں کو متوازن خوراک کی اجزاء کی بروقت پتوں کے ذریعے فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔



فرٹی میکرو

- **فرٹی میکرو** 100 فیصد پانی میں حل پذیر ہے
- **فرٹی میکرو** میں پتوں کے ذریعے با آسانی جذب ہونے کی صلاحیت موجود ہے
- **فرٹی میکرو** نقصان دہ مرکبات (سوڈیم کلورائیڈ) کے اجزاء سے پاک ہے
- **فرٹی میکرو** پودے کی بڑھوتری میں اضافہ کرتا ہے
- **فرٹی میکرو** میں موجود فاسفورس پودے میں توانائی کی ترسیل میں اہم کردار ادا کرتا ہے
- **فرٹی میکرو** میں موجود پوٹاش پودوں میں پانی کے اخراج اور نمی کو کنٹرول کرتا ہے اور پانی کی کمی کے خلاف قوتِ مدافعت پیدا کرتا ہے
- **فرٹی میکرو** میں موجود دیگر اجزائے صغیرہ پودے کے پیداواری عوامل کو بہتر کرتے ہیں



سفارشات برائے استعمال

فصل	مقدار استعمال	وقت استعمال
باغات	2 کلوگرام (فی 100 لیٹر پانی میں)	پہلا اسپرے پھول آنے سے پہلے کریں 20 سے 30 دن کے وقفے سے دوسرا اور تیسرا اسپرے کریں

فرٹی کے 50


پتوں کے ذریعے پودوں کو غذائی اجزاء فراہم کرنا

پوٹاش پودوں کی خوراک کا لازمی جزو ہے۔ پودوں کو بڑھوتری اور افزائش نسل کے لئے پوٹاش کی انتہائی ضرورت ہوتی ہے۔ پوٹاش پودوں سے پانی کا اخراج کنٹرول کرنے کے ساتھ ساتھ قوت مدافعت میں بھی اضافہ کرتا ہے۔ غذائی اجزاء اور توانائی کی ترسیل میں پوٹاش کا انتہائی اہم کردار ہوتا ہے۔ پوٹاش کے استعمال سے فصل کی پیداواری کوالٹی اور وزن میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔



فرٹی کے 50

- فرٹی کے 50 پانی میں حل پذیر کھاد ہے جس میں پوٹاش کے علاوہ سلفر کی اضافی مقدار بھی موجود ہے جو پودے کی افزائش، طاقت اور پیداوار کے لئے ضروری ہے
- فرٹی کے 50 پتوں میں ضیائی تالیف (Photosynthesis) کے عمل سے بننے والی خوراک کو پودے کے دوسرے حصوں تک پہنچانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے
- فرٹی کے 50 نقصان دہ نمکیات مثلاً کلورائیڈ سے مکمل پاک ہے لہٰذا اس کے استعمال سے فصل یا زمین پر کوئی بُرا اثر نہیں ہوتا
- فرٹی کے 50 کے استعمال سے فصل کی پیداواری کوالٹی اور وزن میں بھی اضافہ ہوتا ہے



سفارشات برائے استعمال

فصل	مقدار استعمال	وقت استعمال
باغات	2 کلوگرام (فی 100 لیٹر پانی میں)	پھل بننے کے بعد اسپرے کریں اور 15 دن کے وقفے سے دُہرائیں

فرٹی گولڈ


پوٹاش کی فراہمی بذریعہ آبپاشی

فصل کی بڑھوتری اور نشوونُما کیلئے مختلف خوراکی اجزاء کی ضرورت ہوتی ہے۔ بہتر پیداوار کیلئے ضروری ہے کہ فصل کو متناسب مقدار میں اجزائے صغیرہ اور کبیرہ کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ اجزائے کبیرہ میں پوٹاش پودوں کی خوراک کا ایک اہم جزو ہے جو نشوونُما اور بڑھوتری میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ پوٹاش پودوں سے پانی کے اخراج کو کنٹرول کر کے قوتِ مدافعت میں اضافہ کرتا ہے، غذائی اجزاء اور توانائی کی ترسیل میں بہت اہمیت رکھتا ہے۔ یہ پودوں کے تنوں کو مضبوط بنا کر انہیں گرنے سے بچاتا ہے۔



فرٹی گولڈ

- **فرٹی گولڈ** میں موجود پوٹاش غذائی اجزاء کو پھل تک منتقل کرنے میں معاونت کرتا ہے
- **فرٹی گولڈ** میں موجود سلفر پودوں کی افزائش، طاقت اور پیداوار کے علاوہ زمینی اصلاح کار کے طور پر بھی کام کرتا ہے
- **فرٹی گولڈ** پودوں کیلئے نقصان دہ عناصر مثلاً سوڈیم کلورائیڈ سے پاک ہے
- **فرٹی گولڈ** میں جلد حل پذیری کی صلاحیت کی بدولت پودوں کو فوری دستیاب ہو جاتا ہے
- **فرٹی گولڈ** کے استعمال سے فصل کی پیداواری کوالٹی اور وزن میں بھی اضافہ ہوتا ہے



سفارشات برائے استعمال

فصل	فی ایکڑ مقدار استعمال	وقت استعمال
باغات	10 تا 12 کلوگرام	پھول آنے کے بعد فلڈ کریں اور 15 دن کے وقفے سے دہرائیں

گلائی فاسٹ

48 فیصد ایس ایل

آم کے باغات میں جڑی بوٹیوں کا تدارک

آم کے باغات میں جڑی بوٹیوں کی وجہ سے پیداوار میں 30 سے 35 فیصد تک کمی کے علاوہ پھل کی کوالٹی بھی متاثر ہوتی ہے۔ اسکے علاوہ جڑی بوٹیاں ضرر رساں کیڑوں کی پناہ گاہ کے ساتھ ساتھ کئی خطرناک بیماریوں کے پھیلاؤ کا سبب بھی بنتی ہیں۔ جڑی بوٹیوں کے تدارک کے لیے عام طور پر گوڈی کا استعمال کیا جاتا ہے جس سے پودوں کی خوراک حاصل کرنے والی جڑیں کٹ جاتی ہیں۔ جڑی بوٹیوں کی تلفی کیلئے ضروری ہے کہ ایسے زہروں کا ستعمال کیا جائے جو زمین اور پودوں کیلئے محفوظ ہوں۔



گلائی فاسٹ

- وسیع دائرہ عمل والا منفرد جڑی بوٹی مار زہر
- تمام اقسام کی دائمی، سالانہ اور سخت جان جڑی بوٹیوں کا خاتمہ
- پودوں کے سخت بھورے تنے میں جذب نہیں ہوتا

وقت استعمال

گلائی فاسٹ کے بہترین نتائج کیلئے جڑی بوٹیوں کے پودے سرسبز اور نشوونما کی طرف مائل ہوں اور ان کی اونچائی 6 سے 8 انچ ہو تو فلڈ جیٹ نوزل لگا کر مندرجہ ذیل مقدار کے حساب سے صاف پانی میں ملا کر اسپرے کریں۔

سفارشات برائے استعمال

اقسام	جڑی بوٹیاں	مقدار فی ایکڑ
سالانہ اور موسمی جڑی بوٹیاں	گھاس نما اور چوڑے پتے والی جڑی بوٹیاں	800-1200 ملی لیٹر فی ایکڑ
دائمی جڑی بوٹیاں	گھاس نما اور چوڑے پتے والی جڑی بوٹیاں	1900 ملی لیٹر فی ایکڑ

آم کے ضرر رساں کیڑے

آم کے ضرر رساں کیڑوں کی معلومات

آم کا تیلا (Mango Hopper)



یہ کیڑا فروری سے اپریل اور جولائی سے ستمبر تک آم کے باغات کو شدید نقصان پہنچاتا ہے۔ بچے اور بالغ آم کے پتوں، نرم و نازک ٹہنیوں اور بُور سے رس چوسنے کے علاوہ شہد جیسی رطوبت خارج کرتے ہیں شدید حملے کی صورت میں شگوفے سوکھ جاتے ہیں اور پھل بننے کا عمل رک جاتا ہے۔

میلی بگ / گدھیڑی (Mango Mealy Bug)



یہ کیڑا دسمبر سے مئی تک باغات پر حملہ آور ہوتا ہے۔ بچے اور بالغ نئے شگوفوں اور شاخوں سے گچھوں کی شکل میں جمع ہو کر رس چوستے ہیں، لیس دار مادے کے اخراج کی وجہ سے سیاہ پھپھوندی پیدا ہوتی ہے۔ نرم شاخیں اور پھول خشک ہونے کی وجہ سے پودوں کی بڑھوتری رک جاتی ہے۔

آم کی مج (Mango Midges)



یہ کیڑا پھولوں کے نرم خوشوں میں گھس کر تین مرحلوں میں نقصان پہنچاتا ہے۔

1- پھول کھلنے کا مرحلہ: شگوفہ مکمل تباہ اور پھل پیدا نہیں ہوتا۔

2- پھل بننے کا مرحلہ: پھل زرد ہو کر گر جاتا ہے۔

3- نئے پتے اور شگوفے نکلنے کا مرحلہ: ٹہنیاں خشک ہونے سے پتے کمزور ہو کر گرنا شروع ہو جاتے ہیں اور پودوں کی بڑھوتری رک جاتی ہے۔

سکیلز (Scales)



یہ کیڑا نرم شاخوں، پتوں اور پھل سے رس چوستا ہے، پتوں کی سطح چِھلی سے ڈھک جاتی ہے خوراک بننے کا عمل متاثر ہونے سے پھل کی نشو و نما رک جاتی ہے اور کوالٹی متاثر ہوتی ہے۔

آم کے ضرر رساں کیڑے

ڈائی تھرین

- باغات کے رس چوسنے والے کیڑوں کے خلاف بہترین ہتھیار
- پتوں کے آر پار جذب ہونے کی وجہ سے کیڑوں کا مکمل خاتمہ
- تیلا، سکیلز، مجز وغیرہ پر مؤثر کنٹرول
- بارش کے بعد بھی اثر برقرار



سفارشات برائے استعمال

فصل	مقدار استعمال	وقت استعمال
آم	مینگو ہاپر	20 ملی لیٹر فی 100 لیٹر پانی میں

اسپرے اور برداشت کے درمیان وقفہ (PHI) 8 دن

اکیڈو

اکیڈو ایک مؤثر اور وسیع العمل کیڑے مار زہر ہے۔ اس میں موجود زہر کیڑوں کو ہلاک کرنے کی بے مثال طاقت رکھنے کے ساتھ ساتھ سنڈیوں کے انڈے ضائع کرنے اور رس چوسنے والے کیڑوں کو بھی ختم کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ **اکیڈو** اپنے طاقتور اثر کی وجہ سے سنڈیوں اور رس چوس کیڑوں پر مؤثر کنٹرول فراہم کرتا ہے۔

- **اکیڈو** ایک مؤثر اور وسیع العمل کیڑے مار زہر ہے
- **اکیڈو** کیڑوں کے اعصابی نظام کو تباہ کر کے ان کے خاتمے کا باعث بنتا ہے
- **اکیڈو** رس چوسنے والے کیڑوں کا بھی خاتمہ کرتا ہے
- **اکیڈو** ہر قسم کے موسم کیلئے یکساں مؤثر ہے
- **اکیڈو** باغات کو کیڑوں سے مکمل تحفظ فراہم کرتا ہے



سفارشات برائے استعمال

فصل	مقدار استعمال	وقت استعمال
باغات	ہاپرز	40 ملی لیٹر 100 لیٹر پانی میں

اسپرے اور برداشت کے درمیان وقفہ (PHI) 14 دن

ایماڈوکس
9 فیصد ایس سی

ڈپٹریکس
80 فیصد ایس پی

آم کا گڑوواں (Mango Fruit Borer)



اس کیڑے کے پروانے مختلف شاخوں پر ایسے پھل جو ایک دوسرے سے جڑے ہوں وہاں انڈے دینا پسند کرتے ہیں سنڈیاں پہلے پھل کی جِلد اور بعد میں پھل کا گودا کھاتی ہیں جس سے پھل کی کوالٹی شدید متاثر ہوتی ہے۔

ایماڈوکس



- **ایماڈوکس** لمسی اور شکمی طریقہ اثر سے سُنڈیوں کو لمبے عرصے تک کنٹرول کرتا ہے
- **ایماڈوکس** اسپرے کے چند گھنٹوں بعد بارش کی صورت میں بھی اپنا اثر برقرار رکھتا ہے
- **ایماڈوکس** سُنڈیوں کے لاروے کے ساتھ ساتھ اُن کے انڈوں کو بھی تلف کرتا ہے
- **ایماڈوکس** دوست کیڑوں کیلئے نسبتاً بے ضرر ہے

پھل کی مکھی (Fruit Fly)



مادہ مکھی پھل کے اندر انڈے دیتی ہے جس سے سنڈیاں نکل کر پھل کے گودے کو کھا کر پرورش پاتی ہیں اور پھل گل کر گر جاتا ہے۔ ایکسپورٹ کوالٹی بھی متاثر ہوتی ہے۔

ڈپٹریکس

- **ڈپٹریکس** ایک موثر کیڑے مار زہر ہے۔
- **ڈپٹریکس** کیڑوں کے اعصابی نظام کو تباہ کر کے ان کا خاتمہ کرتا ہے۔
- **ڈپٹریکس** ہر قسم کے موسم میں یکساں مؤثر ہے۔
- **ڈپٹریکس** فروٹ فلائی سے پھلوں کو مکمل تحفظ فراہم کرتا ہے۔
- **ڈپٹریکس** پھلوں پر منفی اثرات مرتب نہیں کرتا۔
- **ڈپٹریکس** فوری طور پر اثر انداز ہوتا ہے۔



سفارشات برائے استعمال

فصل	مقدار استعمال	وقت استعمال
باغات	پھل کی مکھی	125 گرام فی 100 لیٹر پانی اسپرے کریں

اسپرے اور برداشت کے درمیان وقفہ (PHI) 7-14 دن

آم کی اہم بیماریاں

آم کا کوڑھ/منہ سڑی (Anthracnose/BlossomBlight)



یہ بیماری پتوں، شاخوں، پھولوں اور پھل پر بھی حملہ آور ہوتی ہے پتوں پر اس کے حملہ کی صورت میں چھوٹے گہرے بھورے رنگ کے دھبے ظاہر ہوتے ہیں۔ متاثرہ پتے زیادہ حملے کی وجہ سے سوکھنا شروع ہو جاتے ہیں۔ پھولوں پر کالے رنگ کے دھبے جھلساؤ پیدا کرتے ہیں پھل پر حملے کے باعث کچا پھل گر جاتا ہے اور بڑے پھل پر سیاہ داغ پڑ جاتے ہیں اور پھل کی جِلد پھٹنا شروع ہو جاتی ہے۔

سفوفی پھپھوندی (Powdery Mildew)



اس بیماری کا حملہ پھولوں، پتوں اور پھل پر ہوتا ہے۔ شگوفوں اور پھولوں پر سفید مٹیالے رنگ کے دھبے ظاہر ہوتے ہیں۔ شدید حملہ کی صورت میں ساری سطح پاؤڈر سے بھر جاتی ہے، پھول نتیجتاً پھل نہیں بنتا۔

آم کا سوکا (Twig Die Back)



اس بیماری سے پتے اور شاخیں اوپر سے نیچے والے حصے سے سوکھنا شروع ہوتے ہیں شدید حملہ کی صورت میں ٹہنیوں اور شاخوں سے گوند نکلتی ہے۔ درختوں کے نیچے گرے ہوئے پتے اور جڑی بوٹیاں اس بیماری کی افزائش کا باعث بنتے ہیں۔

اچانک مرجھاؤ (Quick Decline)



اس بیماری میں پودے کے پتے مرجھا جاتے ہیں اور پودا چند دنوں میں سوکھ جاتا ہے۔ متاثرہ پودے کے تنے کی چھال پھٹنے سے سیاہ رنگ کی گوند نکلتی ہے۔ اگر چھال کو چیریں تو بھورے اور بعض اوقات سیاہ رنگ کا پانی نکلتا ہے۔ یہ بیماری تنے کے ساتھ والی زیرِ زمین بڑی جڑوں تک پہنچ جاتی ہے جڑوں کا رنگ سیاہ ہو جاتا ہے اور پودا مکمل سوکھ جاتا ہے۔

ایزوسٹار

18.7 فیصد ایس سی

پائیرازول

45 فیصد ڈبلیو پی

ایزوسٹار

ایزوسٹار دو مختلف مالیکیولز پر مشتمل ایک طاقتور اور جدید کیمیا ہے جو کہ حفاظتی اور معالجاتی طریقہ اثر سے بیماریوں پر اثر انداز ہوتا ہے۔ **ایزوسٹار** فنجائی کے عمل تنفس کو روک کر بیماریوں پر مکمل کنٹرول فراہم کرتا ہے۔



- **ایزوسٹار** دو پھپھوندی کُش زہروں پر مشتمل ہونے کی وجہ سے پودوں کو مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے
- **ایزوسٹار** حفاظتی اور معالجاتی دونوں مقاصد کیلئے یکساں موزوں ہے
- **ایزوسٹار** اپنے مختلف طریقہ اثر کی بدولت بیماریوں پر مکمل اور دیرپا کنٹرول فراہم کرتا ہے
- **ایزوسٹار** تیزی سے سرائیت پذیر ہونے کی وجہ سے بارش کے بعد بھی اپنا اثر برقرار رکھتا ہے
- **ایزوسٹار** کے استعمال سے فصل سرسبز و شاداب ہو جاتی ہے
- **ایزوسٹار** کے استعمال سے فصل کی پیداوار اور کوالٹی دونوں میں اضافہ ہوتا ہے

پائیرازول

پائیرازول دو پھپھوندی کش زہروں پر مشتمل منفرد کیمیا ہے جو اپنے تین طرح کے طریقہ اثر یعنی سرائیت پذیری، پتوں کے آر پار جذب ہونے کی صلاحیت اور لمسی طریقے سے پھپھوندی کی پیدا کردہ بیماریوں پر موثر اور لمبے عرصے کا کنٹرول فراہم کرتا ہے۔



- **پائیرازول** دو پھپھوندی کش زہروں پر مشتمل ہونے کی وجہ سے پودوں کو مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے
- حفاظتی اور معالجاتی دونوں مقصد کے لئے یکساں موزوں
- **پائیرازول** اپنے مختلف طریقہ اثر کی بدولت بیماریوں پر مکمل اور دیرپا کنٹرول فراہم کرتا ہے
- **پائیرازول** تیزی سے سرائیت پذیر ہونے کی وجہ سے بارش کے بعد بھی اپنا اثر برقرار رکھتا ہے
- **پائیرازول** کے استعمال سے فصل ہری بھری اور پیداواری کوالٹی میں اضافہ ہو جاتا ہے

شنکار
50 فیصد ایس سی

شنکار
50 فیصد ایس سی

شنکار وسیع دائرہ اثر والا سرائیت پذیر پھپھوندی کش زہر ہے جو کہ پتوں کے ذریعے جذب ہو کر بیماریوں کے خلاف تحفظ فراہم کرتا ہے۔
شنکار پھپھوندی اجسام میں داخل ہو کر خلیوں کی تقسیم کے عمل کو روک دیتا ہے جس سے بیماریوں کا مکمل خاتمہ ہو جاتا ہے



شنکار کی نمایاں خصوصیات

- **شنکار** وسیع دائرہ اثر والا پھپھوندی کش زہر ہے
- **شنکار** حفاظتی اور معالجاتی دونوں مقاصد کیلئے یکساں موزوں
- **شنکار** پتوں اور جڑوں کے ذریعے سرائیت پذیر ہو کر بیماریوں کی مئوثر روک تھام کرتا ہے
- **شنکار** کے استعمال سے فصلیں سرسبز و شاداب اور کوالٹی پیداوار
- **شنکار** کی منفرد امپورٹڈ ایس سی فارمولیشن کے باریک ذرات پتوں پر ہموار سطح بنا لیتے ہیں جس پر بیماریوں پر لمبے عرصے کا کنٹرول ملتا ہے
- **شنکار** کے استعمال کے بعد پودے کے تمام حصوں پر موجود بیماریوں کا مکمل خاتمہ

سفارشات برائے استعمال

فصل	نام بیماری	شرح استعمال فی 100 لیٹر پانی	وقت استعمال
آم	سفوفی پھپھوند	100 ملی لیٹر	بیماری نمودار ہوتے ہی اسپرے کریں اگر موسم کی وجہ سے دوبارہ حملہ ہو تو پھر اسپرے دوہرائیں

باغات کی مرحلہ وار مینجمنٹ

بُور (پھول) کا آغاز	بُور (پھول) سے پھل بننے کا مرحلہ	پھل کے سائز میں اضافے کا مرحلہ	پھل کی چنائی کا مرحلہ	خوابیدگی کا مرحلہ
شنکار/ایزوسٹار	ایزوسٹار/ پائیرازول/ شنکار		شنکار	
اکیڈو/	ڈائی تھرین		ڈپٹریکس	
جڑی بوٹیوں مینجمنٹ	گلائی فاسٹ			
فرٹی میکرو	فرٹی میکرو/ فرٹی کے50		فرٹی میکرو/ فرٹی ہیوما	
	فرٹی گولڈ		فرٹی گولڈ	





LCI

LUCKY CORE INDUSTRIES

YBG

لکی کور انڈسٹریز لمیٹڈ۔ ایگری سائنسز

ہیلپ لائن نمبر: 0800-73337